رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **متوسط سال اول** پرچہ: **پہلا** مضمون: **دراسۃ القرآن**

تاریخ: **12-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: قرآن کے حکم کے مطابق قرآن کو کون کون چھو سکتا ہے؟

سوال نمبر 2: اللہ پاک نے حضرت آدم علیہ السلام و حوا کو کس چیز سے پیدا کیا؟

سوال نمبر 3: اصحاب کہف نے شہر چھوڑنے کا فیصلہ کیوں کیا؟

سوال نمبر 4: نماز کی اہمیت پر تین جملے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: نبی پاک ﷺ کا سب سے بڑا معجزہ کیا ہے؟

سوال نمبر 6: حضرت موسی علیہ السلام نے قبطی کو کس کام سے روکا؟

سوال نمبر 7: سورۃ التین میں اللہ پاک نے انسان کی تخلیق کے بارے میں کیا فرمایا؟

سوال نمبر 8: حضرت موسی علیہ السلام کے کوئی دو معجزوں کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: فرعونیوں سے عذاب کیسے دور ہوتا تھا؟

سوال نمبر 10: جالوت کو کس نے قتل کیا؟

سوال نمبر 11: جالوت اور اس کی قوم بنی اسرائیل پر کیا ظلم کرتے تھے؟

سوال نمبر 12: معاف کرنے کے کوئی دو فائدے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: جنات کو حضرت سلیمان علیہ السلام کی وفات کا علم کیسے ہوا؟

سوال نمبر 14: حضرت سلیمان علیہ السلام نے کتنی دور سے چیونٹی کی آواز سنی؟

سوال نمبر 15: احمر اپنی گفتگو میں کس بات کے حوالے دیتا تھا؟

سوال نمبر 16: کفار کی طرف بھیجے گئے سب سے پہلے رسول کون تھے؟

سوال نمبر 17: حضرت نوح علیہ السلام پر ایمان لانے والوں کی تعداد کتنی تھی؟

سوال نمبر 18: ملکہ بلقیس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں تحائف کیوں بھیجے؟

سوال نمبر 19: شایان کو امی نے روزہ کیوں نہیں رکھنے دیا؟

سوال نمبر 20: عادیات (والعادیات) کسے کہتے ہیں؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: جو لوگ مرنے کے بعد اٹھنے کا انکار کرتے تھے انہیں کس طرح یقین آیا؟

سوال نمبر 2: حضرت عیسی علیہ السلام کا کوئی ایک معجزہ تفصیل سے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: حضرت موسی علیہ السلام اور جادوگروں کے درمیان مقابلے کو تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: حضرت داؤد علیہ السلام اور قوم عمالقہ کا واقعہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: حضرت سلیمان علیہ السلام تک ملکہ بلقیس کا تخت لائے جانے کا واقعہ تحریر کیجئے۔